ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

شہدائے پولیس کے ورثاء اور پولیس ملازمین کو عید کے لیئے تحفے تحائف دیئے گئے۔

کراچی 24 مئی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم کی رہنماہدایات اور سنجیدہ کاوشوں سے شہدائے پولیس زخمیوں، معذور پولیس ملازمین کے خاندانوں اور دیگر پولیس ملازمین/ انکے بچوں کی فلاح و بہبود کے سلسلے کے آغاز کے تحت 500 خاندانوں میں عیدالفطر کے تحفے تحائف تقسیم کیئے گئے۔ سینٹرل پولیس آفس کراچی میں اس حوالے سے منعقدہ ایک تقریب کے دوران اے آئی جی ویلفیئر سندھ ڈاکٹر رضوان نے مزید کہا کہ ابتک 668 ملین کی رقم پولیس ملازمین کی۔فلاح و بہبود کے لیئے جاری کی جاچکی ہے۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے کہا کہ شہدائے پولیس/ انتقال کرجانیوالے پولیس ملازمین کے خاندانوں سمیت دیگر پولیس ملازمین کی فلاح و بہبود اور انکا خیال رکھنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔شہدائے پولیس کی قربانیوں سے امن آیا آج وہ ہمارے درمیان نہیں تاہم عوام کی جان و مال کی سلامتی کی خاطر انجام دیئے گئے انکے کارہائے نمایاں ہمیشہ ایک تاریخ بنکر ہمارے ساتھ ہیں اور رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین اور انکے خاندانوں کی فلاح و بہبود ہماری ذمہ داری ہے اور اس ضمن میں سندھ پولیس ہر قدم پر آپکے ساتھ ہے۔ ہماری اولین ترجیح اپنوں کا خیال رکھنا ہے اور اس ضمن میں ہم آپکو گھروں تک سہولیات کی فراہمی کے لیئے وہ تمام ضروری اقدامات اٹھار ہے ہیں کہ جس کے تحت آپ لوگوں کو آنیکی ضرورت نہ ہوگی بلکہ ذریعہ فون ہی آپ کے مسائل/ مشکلات حل کر لیئے جائیں گے۔

اس موقع پر آئی جی سندھ نے دوران خطاب ڈی آئی جی فائنانس ذوالفقار لاڑک ،اے آئی جی ویلفیئر ڈاکٹر رضوان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے پولیس ملازمین کی فلاح و بہبود جیسے اقدامات میں شاہد آفریدی، ڈاکٹر جنید علی شاہ، اقبال آفریدی ہریش اور زیشان کے تعاون پر انکا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ میں آپ تمام کا بے حد مشکور و ممنون ہوں کہ آپ نے اپنی فلاحی سرگرمیوں میں شہدائے سندھ پولیس کے ورثاء اور دیگر ملازمین کے خاندانوں کو یاد رکھا۔

؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔